# مختصر سوالات مع جوابات

**سوال1:** اسلام کی بنیاد کتنی اور کون کون سی چیزوں پر رکھی گئی ہے؟

**جواب:** اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے، کلمہ شہادت، نماز، زکوۃ، حج، رمضان کے روزے

**سوال2:** ایمان کے کچھ اور ستر شاخوں میں سے افضل اور ادنی شاخ کون سی ہے؟

**جواب:** افضل شاخ: لا الہ الا اللہ، ادنی شاخ: راستے سے تکلیف دہ چیز کو دور کر دینا۔

**سوال3:** جو بندہ لا الہ الا اللہ کہے پھر اس پر مر جائے تو وہ کہاں داخل ہو گا؟

**جواب:** جو بندہ لا الہ الا اللہ کہے پھر اس پر مر جائے تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔

**سوال4:** حدیث پاک کے مطابق ایمان کا ذائقہ کون چکھے گا؟

**جواب:** جو اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے، جناب محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے رسول ہونے پر راضی ہو۔

**سوال5:** انسان زمانے کو گالیاں دے کر کس کو ایذا دیتا ہے؟

**جواب:** انسان زمانے کو گالیاں دے کر اللہ تعالیٰ کو ایذا دیتا ہے (بمعنی ناراض) کرتا ہے۔

**سوال6:** اللہ پاک کا حق اپنے بندوں پر کیا ہے، اور بندوں کا اپنے رب پر حق کیا ہے؟

**جواب:** اللہ کا حق اپنے بندوں پر یہ ہے کہ اللہ کو پوجیں اس کا شریک نہ ٹھہرائیں، بندوں کا حق یہ ہے کہ اس کا شریک نہ ٹھہراتا ہو اسے عذاب نہ دے

**سوال7:** حدیث پاک کے مطابق کون سے کام پچھلے گناہوں کو ختم کر دیتے ہیں؟

**جواب:** اسلام، ہجرت اور حج یہ پچھلے گناہوں کا ختم کر دیتا ہے۔

**سوال8:** وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے بیعت کے وقت حضور اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے شرط لگائی اور کیوں لگائی؟

**جواب:** حضرت عمر بن عاص رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے بیعت کے وقت شرط لگائی کہ میری بخشش ہو جائے۔

**سوال9:** قبیلہ عبد القیس کے نمائندہ نے جب شرابوں کے بارے میں پوچھا تو حضور اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے کتنی چیزوں کا حکم دیا اور کتنی چیزوں سے منع فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے چار چیزوں کا حکم فرمایا اور چار چیزوں سے منع فرمایا۔

**سوال10:** حدیث پاک کے مطابق خیرات گناہوں کو کس طرح بجھاتی ہے؟

**جواب:** خیرات گناہوں کو اس طرح بجھاتی ہے جیسے پانی آگ کو۔

**سوال 11:** حدیث پاک میں بہترین عمل کس کو کہا گیا ہے ؟

**جواب:** جو بندہ اللہ کے لئے محبت کرے اور اللہ کے لئے عداوت رکھے۔

**سوال 12:** حدیث پاک کے مطابق سچا مؤمن کون ہے ؟

**جواب:** جس سے لوگ اپنے خون ومال میں مطمئن رہیں۔

**سوال 13:** حدیث پاک کے مطابق ایمان اور دین کس کا نہیں ہے ؟

**جواب:** جو بندہ امین نہیں اسکا ایمان نہیں جو بندہ وعدے کا پابند نہیں اسکا دین نہیں۔

**سوال 14:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: دو چیزیں لازم کرنے والی ہیں وہ کون سی دو چیزیں ہیں ؟

**جواب:** جو اللہ کا شریک مانتا ہو، وہ مر گیا وہ آگ میں جائے گا۔

جو اللہ پاک کا شریک نہیں مانتا وہ مر گیا وہ جنت میں جائے گا۔

**سوال 15:** وہ کون سے صحابی ہیں، جو لومڑی کی طرح سکڑ گئے ؟

**جواب:** وہ صحابی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔

**سوال 16:** حدیث پاک میں جنت کی چابیاں کس کو کہاں گیا ہے ؟

**جواب:** حدیث پاک میں جنت کی چابیاں کلمہ شہادت کو کہا گیا ہے۔

**سوال 17:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس میں تین خصلتیں ہوں وہ ایمان کی لذت پالے گا وہ تین خصلتیں کون سی ہیں ؟

**جواب:** اللہ پاک اور اس کے رسول ﷺ تمام جہانوں سے پیارے ہوں، جو بندے سے صرف اللہ کے لئے محبت کرے، جو کفر میں لوٹ جانا ایسا برا جانے جیسے آگ میں ڈالا جانا۔

**سوال 18:** حدیث پاک میں کامل مؤمن کس کو کہا گیا ہے ؟

**جواب:** جس کسی کو اپنی نیکی خوش کرے اور اپنی برائی غمگین کر دے وہ کامل مؤمن ہے۔

**سوال 19:** حضور اکرم ﷺ سے عرض کی گئی کہ گناہ کیا ہے، تو حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو چیز تمہارے دل میں چبھے اسے چھوڑ دو۔

**سوال 20:** حضور اکرم ﷺ سے عرض کی گئی کہ اسلام کیا ہے، تو حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو اچھی بات کرے اور کھانا کھلائے۔

**سوال21:** حدیث کے مطابق کون سا جہاد بہتر ہے؟

**جواب:** جس کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیے جائیں اور اس کا خون بہا دیا جائے۔

**سوال22:** حضور اکرم ﷺ سے پوچھا گیا: کہ سب سے بڑا گناہ کون سا ہے تو حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا سب سے بڑا گناہ اللہ پاک کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔

**سوال23:** گناہ کبیرہ میں سے کوئی سے پانچ گناہ تحریر کریں؟

**جواب:** اللہ پاک کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، جھوٹی قسم، جادو، سود خوری، یتیم کا مال کھانا۔

**سوال24:** وہ کون سے کام ہین جن کے کرنے سے وہ مؤمن نہیں رہتا کوئی سے دو تحریر کریں؟

**جواب:** جب کوئی زنا کرے وہ مؤمن نہیں رہتا، شرابی شراب پینے کی حالت میں مؤمن نہیں رہتا۔

**سوال25:** منافق کی کوئی سی چار علامتیں بیان کریں؟

**جواب:** جب بات کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ خلافی کرے، امانت دی جائے تو خیانت کرے، جب لڑائی کرے تو گالیاں بکے۔

**سوال26:** منافق کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے؟

**جواب:** منافق کی مثال اس بکری کی طرح ہے دی گئی ہے جو دو بکروں کے پاس جائے کبھی اس بکرے کے پاس کبھی اس بکرے کے پاس۔

**سوال27:** حضور اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا اس امت کی آخری جماعت جہاد کرے گی، وہ امت کی جماعت کس سے جہاد کرے گی۔

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اس امت کی آخری جماعت دجال سے جہاد کرے گی۔

**سوال28:** جب کوئی بندہ زنا کرتا ہے تو ایمان کہاں چلا جاتا ہے اور جب اس بد عمل سے علیحدہ ہو جاتا ہے تو اس وقت ایمان کہاں چلا جاتا ہے؟

**جواب:** جب کوئی بندہ زنا کرتا ہے تو ایمان نکل کر اس کے سر پر شامیانہ سایہ کی طرح ہو جاتا ہے، جب اس بد عمل سے علیحدہ ہو جاتا ہے، تو اس کا ایمان واپس لوٹ آتا ہے۔

**سوال29:** نفاق کس کے زمانہ میں تھا؟

**جواب:** نفاق حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں تھا۔

**سوال30:** نفاق آج کے زمانے میں کس کو کہا گیا ہے؟

**جواب:** نفاق آج کے زمانے میں کفر ہے یا ایمان ہے۔

**سوال31:** حدیث پاک کے مطابق کن کن کے لئے دو اجر ہیں کوئی سے دو تحریر کریں؟

**جواب:** وہ کتابی جو اپنے نبی پر بھی ایمان لائے اور محمد ﷺ پر بھی ایمان لائے۔

☆: غلام مملوک جب اللہ کا حق بھی ادا کرے اور اپنے مولاؤں کا بھی ان کے لئے دو اجر ہیں۔

**سوال32:** حدیث پاک کے مطابق لوگوں کو آگ میں اوندھے منہ کون سی چیز گراتی ہے؟

**جواب:** حدیث پاک کے مطابق لوگوں کو آگ میں زبانوں کی کٹوتی گراتی ہے۔

**سوال33:** کس کی وفات پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس قدر غمگین ہوئے کہ بیماری میں مبتلا ہونے کے قریب ہو گئے؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ کی وفات پر پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بیماری میں مبتلا ہونے کے قریب ہو گئے۔

**سوال34:** حدیث پاک میں ایمان کے کتنے شعبے بیان کئے گئے ہیں؟

**جواب:** حدیث پاک میں ایمان کے ستر اور کچھ شعبے بیان کئے گئے ہیں۔

**سوال35:** جو شخص تمام لوگوں اپنے والدین، بچوں سے بڑھ کر حضور اکرم ﷺ سے محبت نہیں کرتا اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** جو شخص تمام لوگوں اپنے والدین، بچوں سے بڑھ کر حضور اکرم ﷺ سے محبت نہیں کرتا وہ مؤمن نہیں ہو سکتا۔

**سوال36:** ہر بچہ دین فطرت پر ہی پیدا ہوتا ہے، پھر کون اس کو یہودی، عیسائی یا مجوسی بناتا ہے؟

**جواب:** ہر بچہ دین فطرت پر ہی پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے ماں وباپ اس کو یہودی وعیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔

**سوال37:** اللہ پاک نے پہلے کون سی چیز پیدا کی ہے؟

**جواب:** اللہ پاک نے پہلے قلم کو پیدا کیا ہے۔

**سوال38:** ایک بار حضور اکرم ﷺ تشریف لائے تو ان کے دست اقدس میں کیا تھا؟

**جواب:** جب حضور اکرم ﷺ تشریف لائے تو ان کے دست اقدس میں دو کتابیں تھیں۔

**سوال39:** منتر اور دوائیں وپرہیز وغیرہ کیا اللہ کی تقدیر کو بدل سکتے ہیں؟

**جواب:** منتر اور دوائیں وپرہیز وغیرہ یہ خود اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

**سوال40:** اللہ پاک نے مخلوق کو کہاں پیدا کیا ہے؟

**جواب:** اللہ پاک نے مخلوق کو اندھیرے میں پیدا کیا ہے۔

**سوال41:** حضور اکرم ﷺ اکثر کون سی دعا فرمایا کرتے تھے؟

**جواب:** یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک

**سوال42:** وہ کون سے دو گروہ ہیں جن کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں ہے؟

**جواب:** مرجیہ، قدریہ

**سوال43:** حضور اکرم ﷺ کے امت میں دھنسنا و صورت بگڑنا کن لوگوں میں ہو گا؟

**جواب:** وہ لوگ جو تقدیر کے منکر ہوں گے۔

**سوال44:** قدریہ اس امت کا کون سا ٹولہ ہے؟

**جواب:** قدریہ اس امت کا مجوسی ٹولہ ہے۔

**سوال45:** اللہ پاک نے اپنی مخلوق میں سے ہر بندے کے بارے میں پانچ چیزوں سے فارغ ہو چکا، وہ کون سی ہیں؟

**جواب:** اس کی موت سے، اس کے عمل سے، حرکت، سکون، رزق۔

**سوال46:** جو مسئلہ تقدیر میں بحث کرتے ہیں اللہ پاک قیامت میں اس سے کیا کرے گا؟

**جواب:** جو مسئلہ تقدیر میں بحث کرتے ہیں اللہ پاک قیامت میں اس سے اس کے بارے میں سوال کرے گا۔

**سوال47:** حدیث پاک کے مطابق اللہ پاک حضور اکرم ﷺ کی امت سے ان کے دلی خطرات سے در گزر فرمائے گا کب تک؟

**جواب:** حدیث پاک کے مطابق اللہ حضور اکرم ﷺ کی امت سے ان کے دلی خطرات سے در گزر فرمائے گا جب تک وہ اس پر کام یا کلام نہ کرے

**سوال48:** حدیث پاک میں شیطان انسان کے کس چیز کے ٹھکانوں میں گردش کرتا ہے؟

**جواب:** شیطان انسان کے خون کے ٹھکانوں میں گردش کرتا ہے۔

**سوال49:** زمین پر گرتے وقت بچہ کیوں روتا ہے؟

**جواب:** زمین پر گرتے وقت بچہ شیطان کی چوکھ سے روتا ہے۔

**سوال50:** شیطان اہل عرب سے کس چیز سے مایوس ہو چکا ہے؟

**جواب:** شیطان اہل عرب سے مایوس ہو چکا ہے کہ اس کے نمازی اس کو پوجیں۔

**سوال51:** انسان میں شیطان کا اثر کیا ہے؟

**جواب:** انسان میں شیطان کا اثر یہ ہے کہ وہ مصیبت سے ڈراتا اور حق کو جھٹلاتا ہے۔

**سوال52:** جو شیطان نماز و تلاوت میں حائل ہو کر اس میں اشتبہ پیدا کرے اس کا کیا نام ہے ؟

**جواب:** جو شیطان نماز و تلاوت میں حائل ہو کر اس میں اشتبہ پیدا کرے اس کو خنزب کہا جاتا ہے۔

**سوال53:** اللہ پاک نے مخلوق کی تقدیریں آسمان وزمین کی پیدائش سے کتنے برس پہلے لکھی ؟

**جواب:** اللہ پاک نے مخلوق کی تقدیریں آسمان وزمین کی پیدائش سے پچاس ہزار برس پہلے لکھی۔

**سوال54:** انسان کا مادہ پیدائش ماں کے پیٹ میں کتنے دن رہتا ہے ؟

**جواب:** چالیس دن۔

**سوال55:** اعمال کا اعتبار کس چیز پر ہے ؟

**جواب:** اعمال کا اعتبار صرف انجام پر ہے۔

**سوال56:** آنکھوں و کانوں وزبان کا زنا کیا ہے ؟

**جواب:** آنکھوں کا زنا دیکھنا، کانوں کا زنا سننا، اور زبان کا زنا گفتگو ہے۔

**سوال57:** حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا کہ کس کی تصدیق کرو اور کس کی تصدیق نہ کرو؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم سنو کے پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل گیا تو مان لو، اور اگر یہ سنو کہ کوئی آدمی جبلی عادت سے بدل گیا تو نہ مانو، پھر ویسا لوٹ جائے گا، جس پر پیدا ہوا۔

**سوال58:** حضور اکرم ﷺ کو کس کی تکلیف ہوتی تھی۔

**جواب:** حضور اکرم ﷺ کو ہر سال زہریلی بکری کی تکلیف ہوتی تھی۔

**سوال59:** جب مردے کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس کتنے فرشتے آتے ہیں، ان کے نام تحریر کریں؟

**جواب:** جب مردے کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں، جن کو منکر نکیر کہا جاتا ہے۔

**سوال60:** جب بندہ مر جاتا ہے تو اس پر کس چیز ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے ؟

**جواب:** جب بندہ مر جاتا ہے تو اس پر اس کا جنت و دوزخ کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے۔

**سوال61:** جب حضور اکرم ﷺ کا خچر بدکا تو وہاں کتنی قبریں تھیں ؟

**جواب:** جب حضور اکرم ﷺ کا خچر بدکا تو وہاں پانچ یا چھ قبریں تھی۔

**سوال62:** جب میت کو دفن کیا جاتا ہے تو اس کے پاس کون سے رنگ اور آنکھوں والے فرشتے آتے ہیں؟

**جواب:** جب میت کو دفن کیا جاتا ہے تو اس کے پاس سیاہ رنگ اور نیلی آنکھوں والے فرشتے آتے ہیں۔

**سوال63:** جب مردہ مؤمن ہو تو فرشتے اس کو کس طرح سونے کا فرماتے ہیں؟

**جواب:** جب مردہ مؤمن ہو تو فرشتے اس کو دلہن کی طرح سونے کا فرماتے ہیں ۔

**سوال64:** جب مردے کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس سے کتنے اور کون کون سے سوال ہوتے ہیں؟

**جواب:** جب مردے کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس سے تین سوال ہوتے ہیں۔

اور وہ یہ ہیں:1،**من ربک**،2،**مادینک**،3،**ماکنت تقول فی ھذا الرجل**

**سوال65:** جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو کس طرح روتے؟

**جواب:** جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اس طرح روتے کہ آپ کی داڑھی مبارک آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔

**سوال66:** آخرت کی منزلوں میں سے سب سے پہلی منزل کون سی ہے؟

**جواب:** آخرت کی منزلوں میں سے سب سے پہلی منزل قبر ہے۔

**سوال67:** کافر کی قبر پر کتنے سانپ مسلط کئے جاتے ہیں؟

**جواب:** کافر کی قبر پر ننانوے سانپ مسلط کئے جاتے ہیں ۔

**سوال68:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر کتنے فرشتے حاضر ہوئے؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے۔

**سوال69:** جب مؤمن میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اسے سورج کس طرح معلوم ہوتا ہے، اور وہ کیا کہتا ہے؟

**جواب:** جب مؤمن میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اسے سورج غروب ہوتا ہوا معلوم ہوتا ہے، اور وہ کہتا ہے مجھے چھوڑ دو میں نماز پڑھ لو۔

**سوال70:** جب مؤمن مردہ قبر میں پہنچتا ہے تو کس طرح ہوتا ہے؟

**جواب:** جب مؤمن مردہ قبر میں پہنچتا ہے تو نہ پریشان ہوتا ہے نہ گھبرایا ہوا۔

**سوال71:** حضور اکرم ﷺ نے دین میں نیا طریقہ ایجاد کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو میرے دین میں وہ طریقہ ایجاد کرے جو اس میں نہیں تو وہ مردود ہے۔

**سوال72:** حدیث پاک میں بہترین بات کس کو کہا ہے ؟

**جواب:** حدیث پاک میں بہترین بات قرآن پاک کو کہاہے۔

**سوال73:** حضور اکرم ﷺ کا منکر ہونے سے کیا مراد ہے ؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ کا منکر ہونے سے مراد ہے کہ جس نے حضور اکرم ﷺ کی نافرمانی کی وہ حضور اکرم ﷺ کا منکر ہوا۔

**سوال74:** جب حضور اکرم ﷺ سے تینوں شخصوں نے کہا کہ میں ساری رات قیام کرونگا، دوسرا کہتا ہے میں سارا دن روزہ رکھوں گا تو حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایامیں قیام بھی کرتا ہوں، سوتا بھی ہوں، روزہ بھی رکھتا ہوں، افطار بھی کرتا ہوں، اور بیویوں سے نکاح بھی کرتا ہوں اور میں تم سب سے زیادہ خوف اور اللہ سے ڈرنے والا ہوں، جو میری سنت سے منہ پھیرے وہ مجھ سے نہیں۔

**سوال75:** جب حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہ کس کی شادی کرتے تھے ؟

**جواب:** جب حضور اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو وہ کھجوروں کی شادی کرتے تھے۔

**سوال76:** حدیث پاک میں ہدایت اور علم کی مثال کس سے دی گئی ہے ؟

**جواب:** ہدایت کی مثال اس کثیر بارش کی طرح ہے، جس کو زمین کا بعض حصہ قبول کرتا ہے اور بعض حصہ نہ جمع کرتا ہے اور نہ اگاتا ہے، اور علم کی مثال اس دینی عالم کی طرح ہے جس کو اس چیز نے نفع دیا جو مجھے رب نے دے کر بھیجا اس نے سیکھا اور سکھایا۔

**سوال77:** حدیث پاک میں مسلمانوں میں بڑا مجرم کسے کہا گیا ہے ؟

**جواب:** مسلمانوں میں بڑا مجرم وہ ہے جو کسی چیز کے بارے میں سوال کرے اور اس کے پوچھنے کی وجہ سے وہ چیز حرام ہو جائے تو وہ بڑا مجرم ہے۔

**سوال78:** آخری زمانے میں جھوٹے دجال کیسی حدیثیں لائیں گے ؟

**جواب:** جھوٹے دجال ایسی حدیثیں لائیں گے جو نہ تم نے سنیں اور نہ تمہارے باپ دادوں نے، ان کو اپنے اپنے کو ان سے دور رکھو تا کہ وہ تمہیں گمراہ نہ کریں۔

**سوال79:** حضور اکرم ﷺ نے کیا فرمایا جب اہل کتاب تم پر توریت کو عبرانی زبان میں پڑھ کر عربی میں ترجمہ کرتے تھے ؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نہ اہل کتاب کو سچا کہو اور نہ جھوٹا، بلکہ یہ کہو کہ ہم اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل ہوا ہم ایمان لائے۔

**سوال80:** حدیث پاک میں انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے کیا کافی ہے ؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات بیان کر دے۔

**سوال 81:** ہدایت پر بلانے والے بندے کو کتنا اجر ملتا ہے ؟

**جواب:** جو بندہ ہدایت کی طرف بلائے اسے اس کی ہدایت پر عمل کرنے والے کی مثل اجر ملتا ہے۔

**سوال 82:** اسلام کس طرح شروع ہوا، اور کہاں لوٹ جائے گا، اور کن کو خوشخبری ہے ؟

**جواب:** اسلام غریبی سے شروع ہوا، اور ویسا لوٹ جائے گا جیسا شروع ہوا، اور غرباء کو خوشخبری ہے۔

**سوال 83:** حدیث پاک میں ایمان مدینے سے کس طرح سمٹ جائے گا؟

**جواب:** حدیث پاک میں ایمان مدینے سے اس طرح سمٹ جائے گا جیسے سانپ اپنی بل کی طرف۔

**سوال 84:** حدیث پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حرام کرنے کو کس کا حرام کرنا فرمایا گیا؟

**جواب:** حدیث پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حرام کرنے کو اللہ کا حرام کرنا فرمایا گیا۔

**سوال 85:** حدیث پاک میں کون سی چیزیں بندوں کے لیے حلال نہیں کی گئی ؟

**جواب:** حدیث پاک میں نہ پالتو گدھا اور نہ کو کیلی والا درندہ جانور نہ عہد والے کافر کی گمی ہوئی چیز حلال کی گئی مگر جب اس کا مالک اس سے لاپرواہ ہو۔

**سوال 86:** حدیث پاک میں کن کے گھر میں بغیر اجازت جانے سے منع کیا گیا؟

**جواب:** حدیث پاک میں کتابیوں کے گھروں میں بغیر اجازت جانے سے منع کیا گیا

**سوال 87:** حدیث پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد کس کی سنت لازم پکڑنے کا فرمایا؟

**جواب:** حدیث پاک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد خلفائے راشدین کی سنت کو لازم پکڑنے کا فرمایا۔

**سوال 88:** حدیث پاک میں مومن ہونے کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی ایک بھی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہش میرے لائے ہوئے کے تابع نہ ہو جائے۔

**سوال 89:** بنی اسرائیل کے کتنے فرقے تھے ؟

**جواب:** بنی اسرائیل کے بہتر فرقے تھے۔

**سوال 90:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے کتنے فرقے ہیں اور کتنے جنت میں جائیں گے ؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے تہتر فرقے ہوں گے اور صرف ایک جنت میں جائے گا۔

**سوال91:** جو مسلمانوں کی جماعت سے الگ رہا وہ کہاں جائے گا؟

**جواب:** جو مسلمانوں کی جماعت سے الگ رہا وہ دوزخ میں جائے گا کیونکہ مسلمانوں کا اجماع بر حق ہے

**سوال92:** جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو بگڑتے وقت اس کو تھامے اس کو کتنا ثواب ملے گا؟

**جواب:** جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو بگڑتے وقت تھامے اس کو سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

**سوال93:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودیوں کی بھلی باتوں کے لکھنے کے بارے میں اجازت مانگی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسی کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر حضرت موسی علیہ السلام زندہ ہوتے تو میری اتباع کے بغیر کوئی چارہ نہ ہوتا۔

**سوال94:** جب بندہ اپنے اوپر سختی کرتا ہے تو اللہ تعالی کیا کرتا ہے؟

**جواب:** جب بندہ اپنی جانوں پر سختی کرتا ہے تو اللہ بندے پر سختی کر دیتا ہے۔

**سوال95:** قرآن پاک کتنی اور کونسی قسموں پر اترا؟

**جواب:** قرآن پاک پانچ قسموں پر اترا حلال حرام محکم متشابہ اور مثالیں۔

**سوال96:** حدیث پاک میں آدمی کا بھیڑیا کس کو کہا گیا اور کن سے بچنے کا فرمایا گیا؟

**جواب:** حدیث پاک میں آدمی کا بھیڑیا شیطان کو کہا گیا اور گھاٹیوں سے بچنے کا فرمایا گیا۔

**سوال97:** حدیث پاک میں جماعت سے ایک بالشت پھیرنے سے کیا ہو گا؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جماعت سے ایک بالشت بھر بچھڑا اس نے اسلام کی رسی اپنی گردن سے نکال دی۔

**سوال98:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گمراہی سے بچنے کے لیے کتنی اور کون کون سی چیزوں کا فرمایا؟

**جواب:** رسول ﷺ نے فرمایا جب تک دو چیزوں کو تھامے رکھو گے جو میں تم میں چھوڑے جا رہا ہے ہر گز گمراہ نہ ہو گے، اللہ کی کتاب۔ پیغمبر کی سنت،

**سوال99:** بدعتی شخص کی تعظیم کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کسی بدعتی شخص کی تعظیم کی یقینا اس نے اسلام ڈھانے پر مدد کی۔

**سوال100:** حدیث پاک میں فرمایا گیا ہے جو سیدھی راہ لینا چاہیے وہ بزرگ یافتہ لوگوں کی راہ پر چلے یہاں بزرگ یافتہ لوگوں سے مراد کیا ہے؟

**جواب:** حدیث پاک میں بزرگ یافتہ لوگوں سے مراد صحابہ کرام ہے جو اس امت میں بہترین ہے دل کے نیک علم کے گہرے اور تکلف میں کم تھے۔

**سوال 101:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تورات کا نسخہ حضور ﷺ پر پڑھا تو آپ کا رنگ کیسا ہو گیا؟

**جواب:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تورات کا نسخہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھا تو آپ کا رنگ بدل گیا۔

**سوال 102:** اللہ تعالی کا کلام کس کو منسوخ نہیں کرتا ہے؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا کلام اللہ کے کلام کو منسوخ نہیں کرتا اور اللہ تعالی کا کلام میرے کلام کو منسوخ نہیں کرتا۔

**سوال 103:** جن چیزوں کے بارے میں بغیر بھولے اللہ نے خاموشی کی تو تم نہ کیا کرو؟

**جواب:** جن چیزوں کے بارے میں بغیر بھولے اللہ نے خاموشی کی تم اس کے بارے میں بحث نہ کرو۔

**سوال 104:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جو عمداً جھوٹ باندھے اس کا حکم لکھیں۔

**جواب:** جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر عمداً جھوٹ باندھے اس کا ٹھکانہ آگ ہے۔

**سوال 105:** حدیث میں جھوٹوں میں سے ایک کس کو کہا گیا ہے؟

**جواب:** جو حضور کی طرف جھوٹ کو منسوب کرے۔

**سوال 106:** اللہ کس کو دین کا فقیہ بناتا ہے؟

**جواب:** جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے۔

**سوال 107:** جو لوگ کفر میں اعلی تھے اسلام لانے کے بعد ان کا حکم لکھیں؟

**جواب:** وہ اسلام میں بھی اعلی ہوں گے۔

**سوال 108:** کتنے اور کونسے لوگوں میں رشک جائز ہے؟

**جواب:** دو لوگوں میں رشک کرنا جائز ہے، جسے اللہ مال دے اور وہ بھلائی میں خرچ کرے، جسے اللہ علم دے اور وہ اس کو سکھائے اور فیصلے کرے۔

**سوال 109:** آدمی کی وفات کے بعد کتنے اور کون سے عمل ختم نہیں ہوتے؟

**جواب:** تین اعمال جو ختم نہیں ہوتے: اعمال، دائمی خیرات، علم جس سے نفع پہنچے، نیک بچہ جو اس کے لیے دعا کرے۔

**سوال 110:** قیامت کے دن جن کا فیصلہ سب سے پہلے ہو گا ان میں سے تین کے نام لکھیں، ترتیب کا خیال کرتے ہوئے؟

**جواب:** شہید، جس نے علم سیکھا اور سکھایا، قاری

**سوال 111:** لوگ کب بغیر علم کے فتوی دینگے اور ان کا حکم لکھیں؟

**جواب:** جب علم یعنی علماء کو اٹھالیا جائے گا وہ گمراہ ہوں گے اور گمراہ کریں گے۔

**سوال112:** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کس دن وعظ کرتے اور ہر روز کیوں نہیں کرتے تھے؟

**جواب:** جمعرات کے دن اور ہر روز اس لیے نہیں کرتے تھے تاکہ لوگ اکتا نہ جائیں۔

**سوال113:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کلام کرتے تو کتنی بار دہراتے؟

**جواب:** تین بار دہراتے تھے۔

**سوال114:** بھلائی پر رہنمائی کرنے والے کا کیا اجر ہے؟

**جواب:** بھلائی کرنے والے کی طرح ثواب ہے۔

**سوال115:** جو اسلام میں اچھا طریقہ ایجاد کرے اس کا کیا اجر ہے؟

**جواب:** اسے اپنے عمل اور ان کے عاملوں کا ثواب ہے۔

**سوال116:** عالم کی عابد پر فضیلت کیسی ہے مثال بیان کریں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جیسے میری تم میں ادنی پر ہے۔

**سوال117:** فقیہ کی شیطان پر کیا فضیلت ہے؟

**جواب:** فقیہ شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔

**سوال118:** علم سیکھنے کا حکم بیان کریں؟

**جواب:** علم سیکھنا فرض ہے۔

**سوال119:** نا اہل پر علم پیش کرنا کیسا ہے؟

**جواب:** جیسے سوروں کو موتی جواہرات اور سونا پہنانا ہے۔

**سوال120:** کتنی اور کون سی خصلتیں منافق میں جمع نہیں ہوتی؟

**جواب:** دو خصلتیں جمع نہیں ہوتی، اچھے اخلاق، دینی فقہ

**سوال121:** جس نے علمی بات پوچھنے پر علم کو چھپایا اس کی جزا بیان کریں؟

**جواب:** اسے قیامت کے دن آگ کی لگام دی جائے گی۔

**سوال122:** قیامت کے دن کس کو جنت کی خوشبو حاصل نہ ہو گی؟

**جواب:** جو علم دنیاوی سامان حاصل کرنے کے لیے حاصل کرے۔

**سوال123:** مسلمانوں کا دل کتنے چیزوں میں خیانت نہیں کرتا؟

**جواب:** تین چیزوں میں،

**سوال124:** قرآن کو اپنی رائے سے بیان کرنے والے کے بارے میں وعید بیان کریں؟

**جواب:** اس کاٹھکانہ آگ ہے۔

**سوال125:** قرآن کریم میں جھگڑنے کا حکم کیا ہے؟

**جواب:** کفر ہے۔

**سوال125:** قرآن کتنے طریقوں پر اترا ہے؟

**جواب:** سات طریقوں پر اترا ہے۔

**سوال127:** کون سے لوگ قصے بیان کرتے ہیں دو کے نام لکھیں؟

**جواب:** حاکم و محکوم، متکبر۔

**سوال128:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سے علم حاصل کرنے کا حکم دیا؟

**جواب:** علم میراث اور علم قرآن۔

**سوال129:** اللہ کتنے برس کے بعد کس کو بھیجتا ہے جو دین تازہ کرتا ہے؟

**جواب:** سو برس کے بعد مجدد بھیجتا ہے جو دین تازہ کرتا ہے۔

**سوال130:** فرمان مصطفی کے مطابق کتنے دن وعظ کرنی چاہیے؟

**جواب:** ایک دفعہ ورنہ دو دفعہ اور زیادہ سے زیادہ تین دفعہ۔

**سوال131:** رات میں گھڑی بھر کے درس کی فضیلت بیان کریں؟

**جواب:** تمام رات بیداری سے افضل ہے۔

**سوال132:** حدیث کی روشنی میں عالم کس کو کہا جائے گا؟

**جواب:** جسے احکام دین کی چالیس احادیث یاد ہوں۔

**سوال133:** جواد اور سخی کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** جواد جو خود نہ کھائے بلکہ لوگوں کو کھلائے اس لئے اللہ کو سخی نہیں کہا جاتا کیونکہ سخی کے مقابل بخیل ہے سخی جو خود کھائے اور لوگوں کو کھلائے۔

**سوال134:** کونسے حریص سیر نہیں ہوتے؟

**جواب:** علم کا اور دنیا کا حریص۔

**سوال135:** اعمال میں دکھلاوا کرنے والے کی جزا لکھیے حدیث کی روشنی میں؟

**جواب:** دوزخ میں جنگل ہے جس سے دوزخ چار سو بار پناہ مانگتی ہے اس جنگل میں وہ جائے گا۔

**سوال136:** جو آدمی علم کی تلاش میں وفات پا جائے اس کا مقام بیان کریں؟

**جواب:** اس آدمی اور نبیوں کے درمیان جنت میں ایک درجہ ہو گا۔

**سوال137:** اسلام کو کیا چیز گراتی ہے؟

**جواب:** عالم کی لغزش، منافق، قرآن میں جھگڑنا، گمراہ سرداروں کی حکومت اسلام کو گراتی ہے۔

**سوال138:** ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ نے علم کے کتنے برتن محفوظ کیے؟

**جواب:** دو برتن محفوظ کیے۔

**سوال139:** جس نے علم سے نفع نہ اٹھایا اس کی مثال کس کی مثال ہے حدیث کی روشنی میں لکھیں؟

**جواب:** اس خزانے کی طرح ہے جس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے۔

**سوال140:** نبی پاک ﷺ نے اپنے صحابہ کے بارے میں فرمایا اگر تم میں کوئی سونا خرچ کرے تو کتنے مد کو نہیں پہنچ سکتا ہے؟

**جواب:** اگر کوئی سونا خرچ کرے تو آدھے مد یا ایک مد کو نہیں پہنچ سکتا۔

**سوال141:** مد کتنا سیر ہوتا ہے؟

**جواب:** مد آدھا پاؤ ایک سیر ہوتا ہے،

**سوال142:** میں اپنے صحابہ کے لئے امان ہوں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** حضور ﷺ کے فرمان کا مطلب ہے کہ صحابہ میری موجودگی میں جنگ جدال جو آپس میں ہو گا، اس سے محفوظ رہیں گے۔

**سوال143:** زمانہ صحابہ حضور کی بعثت سے کتنے سال ہے؟

**جواب:** 120 سال ہے یعنی سو ہجری تک ہے۔

**سوال144:** حضور ﷺ کا فرمان میری امت میں موٹاپا ظاہر ہو گا اس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** بہت آرام میں رہیں گے کام کاج کریں گے نہیں انہیں موٹاپا ہونا سبز ہو گا قدرتی موٹاپا مراد نہیں ہے۔

**سوال145:** بہت زیادہ قسمیں کھانے سے کیا ہوتا ہے؟

**جواب:** بہت زیادہ قسمیں کھانے سے روزے گھٹتی ہے۔

**سوال146:** جس کو اس کی نیکی خوش کرے اور برائی غمگین کرے وہ کون ہے؟

**جواب:** وہ مؤمن ہے۔

**سوال147:** جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کس چیز کا عذاب نہیں ہو گا؟

**جواب:** اس کو آگ کا عذاب نہیں ہو گا۔

**سوال148:** امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحابہ کو برا کہنے والے کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** وہ قتل کا مستحق ہے۔

**سوال149:** حسن بصری علیہ الرحمہ نے فرمایا صحابہ چلے گئے ہماری اصلاح کیسے ہو اس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** ہمارے اندر وہ لذت اور عبادت میں سوز و گداز کیسے پیدا ہو وہ چلے گئے۔

**سوال150:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جب میرا صحابی کسی زمین پر وفات پاتا ہے تو وہ لوگوں کے لئے ہو گا کیا ہو گا؟

**جواب:** ان کے نور اور پیشوا ہو گا۔

**سوال151:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جو میرے صحابہ کو برا کہے اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے جو میرے صحابہ کو برا کہے اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

**سوال152:** صحابہ رضی اللہ عنہما کے اختلاف کے بارے میں حضور کا کیا فرمان ہے؟

**جواب:** اللہ تعالی نے فرمایا تمہارے سب صحابہ میں نور ہے جس نے ان کے اختلاف میں سے کچھ لیا جس پر وہ ہیں وہ میرے نزدیک ہدایت پر ہیں۔

**سوال153:** صحابہ رضی اللہ عنہما کے آپس کے اختلاف کے بارے میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کا اختلاف مسائل فقہی میں ہوتا ہے جو اختلاف میں درست ہو اس پر دو ثواب ہوتے ہیں اگر نہ ہو تو ایک ثواب ملتا ہے۔

**سوال154:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے بڑھ کر انسانوں میں احسان کرنے والا کون ہے؟

**جواب:** حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

**سوال155:** دنیا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دوست بنانے میں کون سی ذات کو فرمایا؟

**جواب:** حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

**سوال156:** حضور ﷺ نے اپنی وفات میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کن کو بلانے کا فرمایا؟

**جواب:** حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عبد الرحمن رضی اللہ عنہ کو بلانے کا فرمایا۔

**سوال157:** عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ حضور ﷺ آپ کو مردوں میں سب سے پیارا کون ہے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور ﷺ نے فرمایا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

**سوال158:** حضور ﷺ نے کس کو فرمایا کہ تم غار اور حوض میں میرے ساتھی ہو؟

**جواب:** حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرمایا۔

**سوال159:** جب صدیق رضی اللہ عنہ اکبر اپنا سارا مال لائے، تو حضور ﷺ نے پوچھا گھر کیا چھوڑا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا؟

**جواب:** میں نے گھر میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑا یعنی رضا کو۔

**سوال160:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک رات اور دن کے متعلق کیا فرمایا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میری آرزو ہے کہ میرے سارے عمل ان کے ایک دن اور ایک رات کی مثل ہو جاتے۔

**سوال161:** حضور ﷺ نے فرمایا کس کو کہ اگر میری امت کو کوئی محدث ہوتا تو کون ہوتا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہوتے۔

**سوال162:** حضور ﷺ نے کس کو فرمایا کہ جب شیطان تم سے ملتا ہے راستہ بدل لیتا ہے؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

**سوال163:** حضور ﷺ نے جنت میں کس کا محل دیکھا جب جنت میں گئے؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا محل دیکھا۔

**سوال164:** حضور ﷺ نے اپنا بچا ہوا دودھ کس کو دیا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا۔

**سوال165:** حضور ﷺ نے کس کو فرمایا کہ اس کی زبان پر حق بولتا ہے؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ۔

**سوال166:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایمان لائے تو نماز مسجد میں کیسے پڑھی گئی؟

**جواب:** مسجد میں نماز کھلے عام ظاہری طور پر پڑھی گئی۔

**سوال167:** شیطان حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کیا سلوک کرتا ہے؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شیطان ڈرتا ہے اور دور بھی بھاگتا ہے۔

**سوال168:** جب بچی رقص کر رہی تھی تو اسنے رقص کیوں بند کیا؟

**جواب:** جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو اس نے رقص بند کر دیا۔

**سوال169:** کتنی باتوں میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے رب سے موافقت کی؟

**جواب:** تین باتوں میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے رب سے موافقت کی۔

**سوال170:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کس چیز سے شہید کیا گیا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آرے سے شہید کیا گیا۔

**سوال171:** ایک شخص گائے لے کر جارہا تھا اور تھک کر اس پر سوار ہو گیا تو گائے نے کیا کلام کیا؟

**جواب:** گائے کہنے لگی کہ میں اس کام کے لیے نہیں بنائی گئی کہ مجھ پر سواری کی جائے بلکہ ہم تو کھیتی کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔

**سوال172:** جب جناب عمر رضی اللہ عنہ تخت پر رکھے گئے تو لوگوں نے ان کے لیے کیا دعائیں کی؟

**جواب:** ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کندھے پر کہنی رکھی اور کہنے لگا اللہ تم پر رحمت کرے میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تم کو اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ رکھے گا۔

**سوال173:** رسول اللہ نے ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کو جنت میں کس مقام کی خوشخبری دی؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما جنتی ادھیڑوں کے اگلے پچھلے کے سردار ہیں سوائے نبیوں رسولوں اور مرسلین کے۔

**سوال174:** ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی پیروی کرنے کے لحاظ سے حدیث کا مفہوم بیان کریں؟

**جواب:** حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں میری بقا کتنی ہے تو تم میرے بعد والوں یعنی ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی پیروی کرو۔

**سوال175:** کون سے صحابہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر اور آپ ان کو دیکھ کر مسکراتے تھے اور یہ مسکرانہ کس مقام پر ہوتا تھا؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں تشریف لائے تو سوائے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے کوئی اپنا سر نہ اٹھاتا اور یہ دونوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ کر مسکراتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف دیکھ کر مسکراتے تھے

**سوال176:** قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ نے عمرین رضی اللہ عنہما کی شان کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** ایک صاحب رسول اللہ ﷺ کے داہنی طرف سے اور دوسرے دوسری طرف تھے، اور رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ بھی ان کے پکڑے ہوئے تھے تو فرمایا کہ قیامت کے دن ایسے ہی اٹھائے جائیں گے۔

**سوال177:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آسمانی اور زمینی وزیر کون کون سے ہیں؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ وسلم کے آسمانی وزیر جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام ہے اور زمینی وزیر ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

**سوال178:** رسول اللہ ﷺ نے کن جنتی آدمیوں کے نمودار ہونے کا تذکرہ فرمایا؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم پر ایک جنتی آدمی نمودار ہوگا تو ابو بکر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے پھر فرمایا کہ تم پر ایک آدمی نمودار ہوگا جو جنتی ہوگا تو عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے۔

**سوال179:** رسول اللہ ﷺ نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی نیکیوں کے متعلق کیا فرمایا؟

**جواب:** جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے زیادہ نیکیوں والے کے متعلق پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ عمر رضی اللہ عنہ ہے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میرے والد کی نیکیاں کیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عمر رضی اللہ عنہ کی ساری نیکیاں ابو بکر کی غار والی نیکی کی طرح ہے۔

**سوال180:** وہ کون سے صحابی ہیں جن کے آنے پر حضور ﷺ نے کپڑے سیدھے کیے اور بیٹھ گئے؟

**جواب:** وہ صحابی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہیں۔

**سوال181:** حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبی کا کوئی جنت میں ساتھی ہوتا ہے لیکن حضور ﷺ کا ساتھی کون ہے؟

**جواب:** جنت میں حضور ﷺ کے ساتھی عثمان رضی اللہ عنہ ہوں گے۔

**سوال182:** جب رسول اللہ ﷺ عسرت کے لشکر پر ترغیب دلا رہے تھے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کتنے اونٹ دیئے؟

**جواب:** پہلی مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بولے کہ میری طرف سے اللہ کی راہ میں سو اونٹ ان کے کمبل اور پالان کے ساتھ دوسری مرتبہ دو سو اونٹ اور تیسری مرتبہ تین سو اونٹ مع کمبل اور پالان کے حاضر کئے۔

**سوال183:** لشکر عسرت کو سامان دیتے وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو کتنی اشرفیاں دیں؟

**جواب:** ہزار اشرفیاں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لشکر عسرت کو سامان دیتے وقت دی تھی۔

**سوال184:** جب رسول اللہ ﷺ نے بیت الرضوان کا حکم دیا تو آپ ﷺ کے قاصد کون تھے؟

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے قاصد تھے

**سوال185:** جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو کنواں کس نے خرید اتھا؟

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کنواں خرید اتھا

**سوال186:** جب رسول اللہ ﷺ ثبیر پہاڑ پر کھڑے تھے تو آپ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے ثبیر تو ٹھہر جا تجھ پر ایک نبی ایک صدیق اور دو شہید رضی اللہ عنہما ہیں۔

**سوال187:** مصری آدمی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف کیا باتیں کی ابن عمر سے ؟

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بہت سے فرار ہو گئے تھے مگر سے غائب تھے وہ بیت رضوان سے بھی غائب تھے۔

**سوال188:** ابن عمر نے مصری آدمی کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اختلاف کے بارے میں کیا جواب دیا؟

**جواب:** احد سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور صحابہ رضی اللہ عنہما کے قدم اکھڑ گئے اور حالات ہی ایسے بن گئے جن کی وجہ سے وہ چلے گئے پھر اللہ نے یہ لغزش معاف فرمادی،

حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کی طبیعت خراب ہونے کی وجہ سے حضور ﷺ نے ان کو آنے سے منع فرمادیا اور غازی جتنا ثواب بھی اور مال غنیمت کا حصہ بھی دیا، رسول اللہ ﷺ نے اپنے ایک ہاتھ پر دوسرے ہاتھ کو رکھ کر ان کی موجودگی کا ثبوت دے دیا تھا۔

**سوال189:** ابن عمر رضی اللہ عنہما حضور ﷺ کے زمانے میں ابو بکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا کہا کرتے تھے ؟

**جواب:** ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ابو بکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہما کے بارے میں کہتے تھے کہ اللہ ان سے راضی ہے۔

**سوال190:** رسول اللہ ﷺ کے خواب میں دین کے خلفاء کون ہے ؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ کے خواب میں جو خلفاء بیان ہوئے ہیں وہ ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی رضی اللہ عنہما ہیں۔

**سوال191:** رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو درجہ کے لحاظ سے کس کے ساتھ تشبیہ دی ؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے جناب علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم مجھ سے اس درجے میں ہوں جو ہارون کو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا۔

**سوال192:** رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت اور بغض کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے والا مومن ہی ہو گا اور بغض رکھنے والا منافق ہی ہو گا۔

**سوال193:** رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن جھنڈا دینے کے بارے میں کیا فرمایا اور کس کو جھنڈا دیا؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کل یہ جھنڈا میں اس کو دوں گا جس کے ہاتھ اللہ فتح دے گا اور وہ اللہ اور رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور رسول ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں اور جس کو رسول اللہ ﷺ نے جھنڈا عطا فرمایا وہ علی رضی اللہ عنہ ہے۔

**سوال194:** جب رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان بھائی چارہ کروایا تو علی رضی اللہ عنہ آئے اور کیوں روئے؟

**جواب:** کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے سب کے درمیان بھائی چارہ کرایا لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کسی کا بھائی نہیں بنایا۔

**سوال195:** رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علم کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں علم کا گھر ہوں اور علی رضی اللہ عنہ اس کا دروازہ ہے۔

**سوال196:** حضور ﷺ کے علاوہ جنبی ہونے کی حالت میں کس کے لیے مسجد سے گزرنا جائز تھا؟

**جواب:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اجازت تھی ان کے لیے جائز تھا کیونکہ ان کے گھر کا دروازہ مسجد کی طرف کھلتا تھا۔

**سوال197:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کو برا کہنے کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا کیا فرمان ہے؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے علی رضی اللہ عنہ کو برا کہا اس نے مجھے برا کہا۔

**سوال198:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وجہ سے کون سے لوگ ہلاک ہوں گے؟

**جواب:** دو قسم کے لوگ ہلاک ہوں گے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت میں افراط کرنے والے ان کی صفات بڑھائیں گے بغض رکھنے والے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر بہتان لگائیں گے۔

**سوال199:** حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کرنے کے لیے کون کون پیغام لے کر آیا اور کس سے نکاح ہوا؟

**جواب:** حضرت ابو بکر عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا پیغام بھیجا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نکاح ہوا ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما سے نہ ہوا

**سوال200:** حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیماری کی حالت میں کیا کہاں اور کیسے صحتیاب ہوئے؟

**جواب:** حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یا اللہ اگر موت کا وقت قریب ہے تو راحت عطا فرما اور اگر بعید ہے تو شفا عطا فرما، اگر امتحان ہے تو صبر دے رسول اللہ ﷺ نے گزرتے ہوئے سنا تو آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ٹھوکر لگائی اور فرمایا کہ علی رضی اللہ عنہ کبھی بیمار نہ ہوئے۔

**سوال201:** حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے کیوں نہ ہوا؟

**جواب:** ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما ان کی عمریں بہت زیادہ تھی اور فاطمہ رضی اللہ عنہا بچی ہیں عمر مناسب نہیں ہیں نکاح وحی الہی پر موقوف تھا۔

**سوال202:** حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ سے کس قدر قرب حاصل تھا؟

**جواب:** تمام مخلوق سے بڑھ کر حاصل تھا آپ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے چچا کے بیٹے تھے آپ رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی آغوش میں اور حضور ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کے گھر میں پرورش پائی۔

**سوال203:** نفر کی تعریف کریں؟

**جواب:** تین سے دس تک کی جماعت کو کہتے ہیں

**سوال204:** طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ جسم پر کتنے زخم کھائے تھے؟

**جواب:** طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے غزوہ احد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے ڈھال بنتے ہوئے 75 زخم کھائے، نیزہ کے 80 زخم کا ذکر بھی آیا۔

**سوال205:** غزوہ احزاب کو احزاب کہنے کی وجہ بیان کریں؟

**جواب:** احزاب اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں ہر قسم کے کفار نے جمع ہو کر مدینہ منورہ پر چڑھائی کی تھی۔

**سوال206:** احزاب کس کی جمع ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟

**جواب:** احزاب حزب کی جمع ہے اور اس کا معنی ٹولہ گروہ ہے۔

**سوال206:** کفار پر سب سے پہلے کس صحابی نے تیر چلایا؟

**جواب:** سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلا تیر چلایا

**سوال207:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت کا امین کس صحابی رضی اللہ عنہ کو کہا؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امت کا امین ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ہیں۔

**سوال208:** کوہ حرا پر جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے تو اس نے کیوں حرکت کی؟

**جواب:** یہ حرکت وجدانی تھی اس فخر میں کہ وہ حضرات کے قدم ہے جن کا درجہ عرش الٰہی سے بھی زیادہ ہے۔

**سوال209:** عشرہ مبشرہ کے صحابیوں کے نام لکھیں؟

**جواب:** ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، عمر فاروق رضی اللہ عنہ، عثمان غنی رضی اللہ عنہ، علی المرتضی رضی اللہ عنہ، طلحہ، زبیر رضی اللہ عنہ، عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، سعید بن زید رضی اللہ عنہ، ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ۔

**سوال210:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے کن کے بارے میں فرمایا کہ حرام و حلال کو بہت جاننے والے ہیں نیز زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** معاذ بن جبل اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما علم فرائض کے امام ہیں۔

**سوال211:** لفظ نحب کا معنی لکھیں؟

**جواب:** اس کے دو معنی بیان ہوئے ہیں: نذر یعنی منت، موت کی نذر۔

**سوال212:** اللھم اشدد رمیتہ واجب دعوتہ س عبارت کا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** اے اللہ سعد کی تیر اندازی کو مضبوط کر اور اس کی دعا قبول فرما۔

**سوال213:** الحزور کا معنی لکھیں نیز وہ کون سے صحابی رضی اللہ عنہ ہیں جن کے لئے حضور ﷺ نے اپنے والدین کو جمع کیا غزوہ احد میں؟

**جواب:** بہادر۔ تجربہ کار: حضور ﷺ نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے غزوہ احد کے موقع پر فرمایا: فداک ابی وامی

**سوال214:** حضور ﷺ نے سعد رضی اللہ عنہ کو اپنا ماموں کیوں کہا؟

**جواب:** سعد بنی زہرہ سے تھے اور حضور ﷺ کی والدہ بنی زہرہ سے تھی اس لیے ماموں فرمایا۔

**سوال215:** ومالنا طعام الا الاحبلة وورق السمر وان كان احدنا ليضع كما تضع اكشاة ماله خلط اس عبارت کا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** ہمارے پاس سوا کیکر کے بیج اور کیکر کے پتوں کے اور کوئی کھانا نہ تھا اور ہم میں سے ہر ایک ایسا پاخانہ کرتے جیسا کہ بکری کرتی ہے جس میں کوئی تری نہیں ہوتی۔

**سوال216:** وہ کون سے صحابی رضی اللہ عنہ ہیں جن کے لئے حضور ﷺ نے فرمایا کہ الہی انہیں سلسبیل سے پلا سلسبیل کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سلسبیل ایک جنتی چشمہ کا نام ہے۔

**سوال217:** خلیفۃ المسلمین میں کن کن صفات کا ہونا ضروری ہے؟

**جواب:** امانت دار، زہد و تقوی، آخرت میں رغبت، قوت، سیاست، حق پر مضبوطی سے قائم رہنا وغیرہ۔

**سوال218:** رحم اللہ سے ایک مسئلہ بیان کریں؟

**جواب:** حضور ﷺ نے ابو بکر بلکہ چار خلفائے راشدین کے لیے دعا کی رحم اللہ لہذا معلوم ہوا کہ زندہ کو رحمۃ اللہ علیہ کہہ سکتے ہیں۔

**سوال219:** اہل بیت رسول ﷺ کے معنی لکھیں؟

**جواب:** جن پر زکوۃ لینا حرام ہے، حضور ﷺ کے گھر میں پیدا ہونے والے، حضور ﷺ کے گھر میں رہنے والے، جیسے ازواج، حضور ﷺ کے گھر میں آنے جانے والے۔

**سوال220:** فاطمہ نام کیوں رکھا گیا؟

**جواب:** اللہ نے فاطمہ، اولاد اور ان سے محبت کرنے والوں کو دوزخ کی آگ سے دور کیا ہے اور فاطمہ فطم سے بنا ہے جس کا معنی دور ہونا ہے۔

**سوال221:** غدیر خم کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** حرمین شریفین کے درمیان جحفۃ منزل کے قریب ایک جگہ کا نام خم ہے اور وہاں ایک تالاب ہے اس کو غدیر خم کہتے ہیں۔

**سوال222:** وہ کون سے صحابی رضی اللہ عنہ ہے جن کا لقب طیار یا الجناحین ہے ؟

**جواب:** حضرت جعفر بن ابی طالب۔

**سوال223:** لکع کے معنی لکھیں؟

**جواب:** لکع کے معنی کم عقل یا بے عقل بچہ کو لکع اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بے عقل ہے

**سوال224:** حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے ؟

**جواب:** حضرت حسن رضی اللہ عنہ اوپر والا آدھا حصہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ نیچے والا حصہ میں۔

**سوال225:** ان كنتم تطعنون فى امارته فقد كنتم تطعنون فى امارة ابيه مين قبل اس عبارت کا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** اگر تم لوگ ان کے امیر ہونے میں طعنہ کرتے ہوں تو تم ان کے والد کے امیر ہونے میں بھی اس سے پہلے طعنہ کرتے تھے

**سوال226:** انه كان اذا سلم على ابن جعفر قال السلام عليهك يا ابن ذى الجناحين اس عبارت کا ترجمہ لکھیں؟

**جواب:** وہ جب ابن جعفر کو سلام کرتے تو کہتے تھے تم پر سلام ہو اے دو پروں والے کے فرزند۔

**سوال227:** وہ کون سے صحابی رضی اللہ عنہ ہے جو فقراء سے محبت کرتے تھے اور لوگ ان کے پاس آکر کیا کرتے تھے ؟

**جواب:** وہ صحابی رضی اللہ عنہ حضرت جناب جعفر رضی اللہ عنہ ہے لوگ ان کے پاس آتے ہیں وہ ان سے باتیں کرتے اور لوگ ان سے باتیں کرتے تھے۔

**سوال228:** حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی ؟

**جواب:** حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو المساکین تھی۔

**سوال229:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی رضی اللہ عنہ کو فرشتوں کے ساتھ جنت میں اڑتے ہوئے دیکھا؟

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جناب جعفر رضی اللہ عنہ کو فرشتوں کے ساتھ جنت میں اڑتے ہوئے دیکھا۔

**سوال230:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو جنتیوں کا سردار فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو جنتی جوانوں کا سردار فرمایا۔

**سوال231:** کن دو کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پھول فرمایا؟

**جواب:** حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ یہ میرے دو پھول ہیں۔

**سوال232:** حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ ایک رات کسی کام سے نبی کی خدمت میں گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح تشریف لائے تھے جب حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے تو کیا پوچھا؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ اس طرح تشریف لائے کسی چیز کو گود میں لیے ہوئے تھے مجھے خبر نہ تھی کہ وہ کیا ہے اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے اپنی ضرورت سے فارغ ہو کر کہا یارسول اللہ ﷺ کیا ہے جو آپ اپنی گود میں لیے ہوئے ہیں۔

**سوال233:** حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما جب آپ کی رانوں پر تھے تو آپ ﷺ نے حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے فرمایا یہ میرے دونوں بیٹے میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان دونوں سے محبت کر۔

**سوال234:** حضرت سلمی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ام سلمی رضی اللہ عنہا کے پاس گئی وہ رو رہی تھی کس چیز نے انہیں رلایا؟

**جواب:** انہوں نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے سر دار داڑھی مبارک پر مٹی ہے تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ کا یہ حال کیسا ہے فرمایا میں ابھی قتل حسین کے موقع پر حاضر تھا۔

**سوال235:** رسول اللہ ﷺ جب خطبہ دے رہے تھے تو جب حضرت حسن حسین رضی اللہ عنہما آئے تو آپ ﷺ نے ان کو کس حالت میں دیکھا اور آپ ﷺ کا طرز عمل کیا تھا؟

**جواب:** جب اچانک حضرت حسن حسین رضی اللہ عنہما آئے جن پر دو سرخ قمیصیں تھیں، وہ چلتے تھے اور گرتے تھے تو حضور ﷺ کا طرز عمل کچھ یوں تھا کہ آپ اپنے ممبر سے اترے اور ان دونوں کو اٹھایا اور اپنے سامنے بٹھالیا۔

**سوال236:** رسول اللہ ﷺ نے حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرمایا اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کرے اس کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** رسول االلہ ﷺ نے فرمایا حسین رضی اللہ عنہ مجھ سے ہے اور میں حسین رضی اللہ عنہ سے ہوں اور جو حسین رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا اللہ اس سے محبت کرے گا اور حسین رضی اللہ عنہ اسباط میں سے ایک سبط ہے

**سوال237:** حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے کس حصے سے مشابہت رکھتے تھے؟

**جواب:** حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے سینے اور سر کے درمیان والے حصے سے مشابہت رکھتے تھے۔

**سوال238:** حضرت حسین رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے کس حصے سے مشابہت رکھتے تھے؟

**جواب:** حضرت حسین رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے نیچے والے حصہ سے مشابہت رکھتے تھے۔

**سوال239:** حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ سے کس چیز کے بارے میں اجازت مانگی؟

**جواب:** کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جاؤ اور آپ ﷺ کے ساتھ مغرب کے نماز پڑھوں۔

**سوال240:** حضور اکرم ﷺ نے حج میں عرفہ کے دن کس کے بارے میں خطبہ فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تم میں وہ چیز چھوڑی ہے کہ جب تک تم ان کو تھامے رہو گے گمراہ نہ ہوگے۔

**سوال241:** حضور اکرم ﷺ نے حج میں عرفہ کے دن خطبہ فرمایا تو تین چیزوں کو لازم پکڑنے کا حکم دیا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے حج میں عرفہ کے دن خطبہ فرمایا تو ایک کتاب اللہ اور میری غیرت یعنی اہل بیت کو لازم پکڑو۔

**سوال242:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے بارے میں فرمایا جو ان سے لڑے میں ان سے لڑنے والا ہوں اور جو ان سے صلح کرے میں ان سے صلح کرنے والا ہوں۔

**سوال243:** جمیع بن عمیر اپنی پھوپھی کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے تو انہوں نے کس کے بارے میں سوال کیا؟

**جواب:** جمیع بن عمیر اپنی پھوپھی کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے تو انہوں نے پوچھا کہ اللہ کے نبی ﷺ کو شخصوں میں سے سب سے پیارا کون تھا۔

**سوال244:** حضور اکرم ﷺ کو عورتوں میں سب سے زیادہ پیارا کون تھا اور مردوں میں سب سے زیادہ پیارا کون تھا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ کو عورتوں میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور مردوں میں سے علی رضی اللہ عنہ سب سے پیارے تھے۔

**سوال245:** حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں کون سے صحابی رضی اللہ عنہ بہت غصے کی حالت میں حاضر ہوئے؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں جناب عباس رضی اللہ عنہ غصے کی حالت میں حاضر ہوئے۔

**سوال246:** حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا اس غصے کی وجہ بیان کریں؟

**جواب:** حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہم کو قریش سے کیا تعلق ہے جو آپس میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو ہم ہنس مکھ ہو کر ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں اس کے سوا اور طریقے سے ملتے ہیں۔

**سوال247:** حضور اکرم ﷺ نے غصے کی حالت میں قریش کو کیا فرمایا؟

**جواب:** اے لوگو اس نے میرے چچا کو ستایا گویا اس نے مجھے ستایا کیونکہ آدمی کا چچا اس کے باپ کی مثل ہے۔

**سوال248:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا عباس رضی اللہ عنہ مجھ سے ہے اور میں عباس رضی اللہ عنہ سے ہوں۔

**سوال249:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے فرزند کو پیر کے دن کیوں بلوایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے فرزند کو پیر کے دن اس لیے بلوایا کہ میں تمہارے لئے ایسی دعا کروں جس سے اللہ تم کو اور تمہارے فرزند کو نفع دے۔

**سوال250:** حضور اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے فرزند پر اپنے کمبل کو اوڑھا پھر آپ نے کیا فرمایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے اللہ عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے کی ظاہری و باطنی بخشش فرمادے اور کوئی گناہ نہ چھوڑنا۔

**سوال251:** حضور اکرم ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں دوبارہ دعا فرمائی تو آپ نے کیا فرمایا؟

**جواب:** اے اللہ انہیں حکمت عطا کر۔

**سوال252:** رسول اللہ ﷺ حضرت حسن ابن علی رضی اللہ عنہما کو اپنے کندھے پر اٹھائے ہوئے تھے تو ایک آدمی نے دیکھا تو کیا کہا؟

**جواب:** اے صاحبزادے تم بہت اچھی سواری پر سوار ہو تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وہ سوار بھی تو اچھا ہے۔

**سوال253:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے فرزند کے لئے کتنا وظیفہ مقرر کیا اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے لیے کتنا وظیفہ مقرر کیا؟

**جواب:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے فرزند کے لیے تین ہزار درہم مقرر کیے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے پینتیس سو درہم مقرر کئے۔

**سوال254:** حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ رضی اللہ عنہ میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیج دیں تو حضرت زید نے کیا کہا؟

**جواب:** جناب زید نے کہا یارسول اللہ ﷺ اللہ کی قسم میں آپ پر کسی کو ترجیح نہ دوں گا فرماتے ہیں:
کہ میں نے اپنے بھائی کی رائے اپنی رائے سے بہتر دیکھی۔

**سوال255:** حضور اکرم ﷺ جب بہت بیمار ہوئے تو مدینہ سے کون سے صحابی آئے؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ جب بہت بیمار ہوئے تو مدینہ سے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اور ان کے کچھ دوسرے دوست بھی تشریف لائے۔

**سوال256:** حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے کیسے پہچانا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لئے دعا کر رہے تھے؟

**جواب:** جب حضور اکرم ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ پر اپنے ہاتھ کو رکھا پھر اٹھایا تو پہچان لیا کہ حضور ﷺ ان کے لئے دعا کر رہے تھے۔

**سوال257:** نبی کریم ﷺ نے کس صحابی کا ناک صاف کرنے کا ارادہ کیا نیز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضور کو کیا عرض کیا؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا ناک صاف کرنے کا ارادہ کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول ﷺ مجھے اجازت دیجئے کہ میں ان کا ناک صاف کر دوں۔

**سوال258:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا ناک صاف کیا تو حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** حضور ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا اس سے محبت کرو کیونکہ میں بھی اس سے محبت کرتا ہوں۔

**سوال259:** کن صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا ہے اسامہ ہمارے واسطے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لے دو؟

**جواب:** جناب علی رضی اللہ عنہ اور جناب عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے اسامہ حضور ﷺ سے ہماری اجازت لے کر آؤ کہ ہم حضور ﷺ پر داخل ہو جائے۔

**سوال260:** حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کس چیز میں سبقت لے گئے ؟

**جواب:** حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے ہجرت میں سبقت لے گئے۔

**سوال261:** جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کندھوں پر اٹھایا جناب ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کیا بات کی جس کی وجہ سے حضرت رضی اللہ عنہ علی ہنس پڑے ؟

**جواب:** جناب ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کندھوں پر اٹھایا اور کہا میرے باپ صدقے تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم شکل ہو علی رضی اللہ عنہ کے ہم شکل نہیں تو جناب علی رضی اللہ عنہ یہ سن کر ہنس پڑے۔

**سوال262:** کس کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر اقدس لایا گیا؟

**جواب:** عبید اللہ ابن زیاد کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر اقدس لایا گیا۔

**سوال263:** عبید اللہ ابن زیاد نے چھڑی کے ساتھ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کے ساتھ کیا کیا؟

**جواب:** وہ چھڑی کے ساتھ آپ کے دانت اور ناک شریف پر ٹھونکیں لگانے لگا۔

**سوال264:** واللہ انہ کان اشبھھم برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان لخضوباً باالوسمۃ اس عبارت کا ترجمہ کریں؟

**جواب:** اللہ کی قسم یہ سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم شکل تھے اور آپ وسمہ کا خضاب لگائے تھے

**سوال265:** وہ خطرناک خواب کیا تھا جو حضرت ام الفضل بنت حارث رضی اللہ عنہا نے دیکھا؟

**جواب:** فرمایا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا جیسے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم کا ٹکڑا کٹا اور میری گود میں رکھا گیا۔

**سوال266:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام الفضل بنت حارثہ رضی اللہ عنہ کے خواب کی تعبیر کیا ارشاد فرمائی؟

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے اچھا خواب دیکھا ہے انشاء اللہ فاطمہ لڑکا جنے گی اور وہ بچہ تمہاری گود میں رہے گا۔

**سوال267:** ام الفضل بنت حارث رضی اللہ عنہ نے ایک دن حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں دیا تو ام الفضل بنت حارث رضی اللہ عنہ کچھ دیر بعد آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسو کیوں بہہ رہے تھے؟

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ام الفضل بنت حارث رضی اللہ عنہا میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے تھے اور مجھے خبر دی کہ میری امت میرے اس فرزند کو قتل یعنی شہید کر دے گی۔

**سوال268:** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دن آپ نے دوپہری خواب میں کس حالت میں دیکھا؟

**جواب:** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پراگندہ بال گرد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں خون کی شیشی تھی۔

**سوال269:** حضور ﷺ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے خواب کی تعبیر کیا بتائی ؟

**جواب:** فرمایا یہ حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کا خون ہے آج میں اس خون کو اٹھا تا رہا میں وہ وقت خیال رکھنے لگا میں نے یہ وقت قتل کا پایا۔

**سوال270:** حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے اہل بیت کی کون سی مثال سنی اور کون سی مثال بیان فرمائی ؟

**جواب:** حضور ﷺ نے فرمایا:

میرے اہل بیت کی مثال جناب نوح کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا وہ ہلاک ہو گیا۔

**سوال271:** حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور ﷺ کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں کیا خبر دی ؟

**جواب:** حضرت جبریل علیہ السلام نے خبر دی یارسول اللہ ﷺ خدیجہ رضی اللہ عنہا آ رہی ہے ان کے ساتھ برتن ہے جس میں کھانا اور سالن ہے جب وہ آپ ﷺ کے پاس آئیں تو انہیں ان کے رب کا سلام اور میرا سلام فرمائے اور انہیں جنت کے اس گھر کی بشارت دے دی جو ایک موتی کا ہے نہ اس میں شور ہے اور نہ کوئی تکلیف۔

**سوال272:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کی کس بیوی کے بارے میں فرمایا یہ سب سے زیادہ غیرت والی تھی ؟

**جواب:** حضور ﷺ کی بیویوں میں سے سب سے زیادہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا غیرت کرنے والی تھی۔

**سوال273:** حضور اکرم ﷺ کس بیوی کے لئے بکری ذبح کرتے تھے ؟

**جواب:** جناب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے بکری ذبح کرتے تھے۔

**سوال274:** حضور اکرم ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے بکری ذبح کرتے تو کیا کرتے ؟

**جواب:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے بکری ذبح کرتے اور اس کے اعضاء کو کاٹتے پھر اس گوشت کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کو بھیج دیتے۔

**سوال275:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور اکرم ﷺ کو خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں کیا کہتی ؟

**جواب:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں گویا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سوا دنیا میں کوئی عورت ہی نہ تھی۔

**سوال276:** حضور ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کتنی راتیں خواب میں دکھائی گئی اور فرشتہ کس حالت میں لے کر آتا تھا؟

**جواب:** حضور ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو تین رات خواب میں دکھائی گئی فرشتہ ریشمی ٹکڑے میں لاتا تھا اور حضور سے کہتا تھا یہ آپ کی بیوی ہے۔

**سوال277:** لوگ اپنے تحفوں کے لیے حضور ﷺ کی کس بیوی کے دن کو تلاش کیا کرتے تھے ؟

**جواب:** لوگ اپنے تحفوں کے لیے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دن کو تلاش کیا کرتے تھے۔

**سوال278:** حضور ﷺ نے کون کون سی عورتوں کے لئے فرمایا یہ عورتیں تمام جہاں والوں کے لیے کافی ہیں ؟

**جواب:** جناب مریم بنت عمران خدیجہ بنت خویلد فاطمہ بنت محمد آسیہ رضی اللہ عنہا فرعون کی بیوی تمام جہاں والوں کے لیے کافی ہے۔

**سوال279:** حضور ﷺ کی کس بیوی کو حضور ﷺ کے لیے دنیاو آخرت میں بیوی قرار دیا گیا؟

**جواب:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دنیاو آخرت میں بیوی قرار دیا گیا ہے۔

**سوال280:** حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو کس نے کہا کہ وہ یہودی کی بیٹی ہے ؟

**جواب:** حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا یہودی کی بیٹی ہے۔

**سوال281:** جب حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا روتی ہوئی حضور ﷺ کی بارگاہ اقدس میں گئیں تو انہوں نے کہا کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہودی کی بیٹی کہاں ہے تو حضور رضی اللہ عنہا نے کیا فرمایا؟

**جواب:** اے حفصہ رضی اللہ عنہا تو نبی کی بیٹی ہے تمہارے چچا نبی ہیں اور تم نبی کی بیوی ہو تو تم پر حفصہ رضی اللہ عنہا کیسے فخر کرتی ہے پھر حضور ﷺ نے فرمایا اے حفصہ رضی اللہ عنہا اللہ سے ڈرو۔

**سوال282:** حضور اکرم ﷺ نے جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا کو فتح مکہ کے سال کیوں بلوایا؟

**جواب:** حضور اکرم ﷺ نے جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا کو فتح مکہ کے سال اس لیے بلوایا تھا کہ حضور ﷺ آپ سے کچھ سرگوشی کرلے۔

**سوال283:** حضور ﷺ کے ظاہری پردہ فرمانے کے بعد جو سرگوشی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کی تھی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس سرگوشی میں رونے اور ہنسنے کے متعلق پوچھا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کیا جواب دیا؟

**جواب:** جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ جب حضور ﷺ نے مجھ سے پہلی مرتبہ سرگوشی کی تو میں رونے لگی تو اس رونے کی وجہ یہ تھی کہ حضور ﷺ نے مجھے خبر دی کہ میں دنیا سے ظاہری پردہ فرمانے والا ہوں، اور ہنسی میں اس وجہ سے کہ سوا مریم بنت عمران کے تم جنتی عورتوں کی سردار ہو تو میں ہنسی

**سوال284:** حضرت موسی بن طلحہ رضی اللہ عنہ نے کس صحابیہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ سب سے زیادہ فصیح وبلیغ تھی؟

**جواب:** حضرت موسی بن طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے زیادہ میں نے کسی ایک کو بھی فصیح وبلیغ نہ دیکھا۔

مرکزی جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ اوکاڑہ